# مغربی افریقہ میں فلانیوں کی اصلاحی تحریکات

## اور

# اسلام

ڈاکٹر مصطفیٰ محمد مسعد، اسسٹنٹ پروفیسر جامعہ اسلامیہ ام درمان سوڈان

اردو ترجمہ: محمود احمد غازی

اس مضمون میں مغربی افریقہ سے ہماری مراد وہ علاقے ہیں جن کو اس سے قبل مغربی سوڈان کے نام سے یاد کیا جاتا تھا جغرافیائی اعتبار سے یہ علاقے دریائے سینگال کے دہانے سے لیکر مشرق میں دریائے نائیجر کے موڑ تک ہے قرون وسطیٰ اور جدیدہ سے لیکر انیسویں صدی عیسوی کے آخر تک مغربی سوڈان کی تاریخ پر دو گہرے اثرات پڑے ہیں۔ پہلا اثر بربری قبائل کے ترک وطن اور پے در پے حملوں بالخصوص ملثمین قبائل کے جنوب میں حبشیوں کے سکونت پذیر علاقوں پر یلغار کی وجہ سے ہوا۔ دوسرا اثر ان علاقوں کے اصل باشندوں پر بیرونی حملہ آور ملثمین قبائل سے میل جول، ربط ضبط، ان سے اثر پذیری اور ان کے مذہبی، فوجی اور معاشرتی نظاموں کا بڑا حصہ اپنا لینے کی وجہ سے ہوا۔ ملثمین قبائل کی قیادت ان کے اسلام قبول کر لینے کے بعد بالترتیب لمتونہ اور جدالہ قبیلہ کے حصے میں آئی۔ یہ لوگ مغرب اور اقوام مغرب نیز ان کی تہذیب و ثقافت اور جنوب میں بحر زنجی کے درمیان نقطۂ اتصال تھے۔ انہی لوگوں نے مغربی افریقہ میں اوّل اوّل اسلام پھیلایا تھا۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ مغربی افریقہ دو اسلامی لہروں سے بہت متاثر ہوا۔ اوّلاً اسلام کا وہاں پہنچنا اور گیارھویں صدی مسیحی سے لیکر تقریباً سات سو سال تک آہستہ آہستہ اس کا وہاں پھیلتے رہنا، ثانیاً جہاد پر مشتمل تحریکات کے اثرات جنھیں انیسویں صدی عیسوی میں فلانیوں نے اٹھایا (۱)

(1) TRIMINGHAM, J. S: ISLAM IN WEST AFRICA, P. 24

پہلی لہر کے ہراول دستہ ہیں وہ ملثمین قبائل تھے جنہوں نے ملک میں داخل ہونے کے لئے پُرامن طریقہ یا جنگ کے بعد فاتحانہ انداز سے مغربی افریقہ میں اسلام پھیلانے کیلئے کوششیں کیں۔ اگرچہ گیارھویں صدی عیسوی میں جدالہ قبیلہ کی قیادت میں مرابطین نے جو تحریک شروع کی تھی وہ نہایت قلیل مدّت میں ختم ہو گئی تاہم وہ اسلام کی راہ سے اس سب سے بڑی رکاوٹ کو دُور کرنے میں کامیاب ہو گئی جو جنوبی علاقوں میں اسلام کی ترقّی کی راہ روکے ہُوئے تھی۔ چنانچہ انہی کے ہاتھوں گھانا کی بُت پرست حکومت کا زور ٹُوٹا اور وہاں کے بادشاہوں نے اسلام قبول کر کے خلوص دل سے اس کے لئے کام شروع کیا اور اپنے وسائل سے اسلامی تعلیمات کو پھیلانے لگے۔ اس طرح گھانا کے باشندوں کی بڑی اکثریت مسلمان ہو گئی۔ اب مرابطین کے مبلّغین کے لئے یہ ممکن ہو گیا کہ وہ دریائے سینگال کے آس پاس اور سینگال اور نیجر کے درمیانی علاقوں میں اسلام کی تبلیغ کر سکیں۔ مرابطین ہی کے عہد میں تنبکٹ کا شہر تعمیر ہوا۔ اور شہر گنی تک اسلام پھیل گیا، یہ دونوں سوڈانی شہر اسلامی ثقافت کے سب سے بڑے مرکز اور دریائے نیجر کے کناروں پر سوڈانی تجارت کی دو اہم منڈیاں بن گئے۔ اس مرحلہ پر پہلی اسلامی لہر نہایت قوّت پکڑ گئی تھی۔ گو اس کی رہنمائی کرنے والے بربر نہیں تھے بلکہ وہاں کے مقامی باشندے تھے جنہوں نے اسلام قبول کر کے اسلامی تہذیب وتمدّن کا بڑا حصّہ اپنا لیا تھا۔ ان میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو خالص زنگی تھے اور وہ بھی جو زنگیوں اور بربریوں کی مخلوط نسل سے تعلّق رکھتے تھے اور اپنے سابقہ سیاسی اور فوجی تجربات سے فائدہ اُٹھاتے ہُوئے انہوں نے مالی، سنگی، برنو، کانم اور ہوسا جیسی وسیع اسلامی سلطنتیں قائم کر دی تھیں (۲)۔ اس مرحلہ میں ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ کس طرح یہ سوڈانی اسلامی ریاستیں دوسری معاصر اسلامی ریاستوں سے تعلیمات، فوج کشی اور اُن کے انتظامی اصولوں سے بہت کچھ اخذ کرتی ہیں۔ وہ عربی زبان کو سرکاری خط وکتابت کا ذریعہ بناتی ہیں علمی سرگرمیوں کی ہمّت افزائی کرتی ہیں، علماء وفقہا کی سرپرستی کرتی ہیں، مسجدیں اور مدارس قائم کرتی ہیں اور عالم اسلام کے علماء کو خوش آمدید کہتی ہیں۔ اس طرح تنبکٹ، گنی اور رغاؤ کی یونیورسٹیوں اور ثقافتی مراکز میں اسلامی علوم وفنون کا بڑا چرچا ہونے لگا اور مغربی سوڈانی علاقوں کے بہت سے طلباء عالم اسلام کے ثقافتی مراکز مثلاً مصر، مغرب اور حجاز میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے جانے لگے (۳)۔

---

(۲) حسن احمد محمود:۔ الاسلام والثقافة العربية فی افریقیه، ج ۱، ص ۲۱۹ - ۲۳۶

(۳) HODGKIN, T; ISLAM AND NATIONAL MOVEMENTS IN WEST AFRICA, JOURANAL OF AFRICAN HISTORY VOL. III, 1962. P.323-4.

© rasailojaraid.com



چونکہ ان سوڈانی سلطنتوں کی مدت و بقاء کا کم و بیش ہونا ان کے فوجی ساز و سامان کی قوت اور اُنکے انتظامی اداروں کی سلامتی پر موقوف تھا۔ اس لئے جب ان چیزوں میں خلل پڑ جاتا ملک کو بربری اور زندگی قبائل کی تباہ کاریوں کا سامنا کرنا پڑتا۔ اور اپنا اثر و رسوخ اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے وہی کردار ادا کرنا پڑتا جو اُن کے پیش رووں کا ہوتا تھا۔ یہ بات کوئی ڈھکی چھپی نہیں کہ مغربی افریقہ کی اسلامی دنیا کو مراکش کے قبضے کی وجہ سے جس نے سولہویں صدی عیسوی کے آخر میں سنغی کی ریاست کو ختم کر ڈالا تھا جس سے اس ملک کے امن و امان کی خرابی کے باعث اقتصادی و ثقافتی حالات خراب ہو گئے۔ صحرائے افریقہ کی راہ سے ہونے والی سوڈانی تجارت میں گڑبڑ ہو گئی۔ سلطنت کے علماء بے گھر ہو گئے اور یونیورسٹیوں کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ دوسری طرف سیغو(۴) جیسی بت پرست ریاستوں کا اثر و رسوخ بڑھنے لگا۔ مراکشی قبضہ کی وجہ سے ان کے یہاں باقی رہ جانے والے بڑے بڑے افسر (شہزادات) سیغو کے بت پرست بادشاہوں کے زیر نگیں ہو گئے۔ مزید برآں مشرک مملکت میں آباد ہونے والی تمام اسلامی منتشر اقلیتوں کے ساتھ ذمیوں کا سا برتاؤ کیا جانے لگا۔ ان پر جزیہ عائد کر دیا گیا۔ انھیں شریعت اسلامیہ پر عمل کرنے سے روک دیا گیا۔ وہ ایسے ملکی قوانین کے تابع ہو گئے جو بت پرستانہ رسم و رواج پر مبنی تھے۔ اس وقت کے بیشتر مسلمان امراء اور اُن کے ابن الوقت ماتحتوں نے اس ظلم و جمود کے سائے تلے زندگی گزارنا گوارا کر لیا۔ صرف ایک مختصر سی نیکوکار و تقویٰ شعار جماعت ایسی تھی جسے ایک ایسے مصلح کے ظہور کا انتظار تھا جو مسلمانوں کی صحیح راہنمائی کرے اور دین کو اس پستی سے نکال لے (۵)

یہ اصلاحِ منتظر انیسویں صدی عیسوی کے شروع میں فلانیوں کے ہاتھوں وجود میں آئی۔ یہاں سے وہ دوسری اسلامی لہر شروع ہوتی ہے جس نے سو سال کے اندر مغربی افریقہ میں اسلام اور اسلامی تہذیب کی وہ خدمت کی

---

(۴) WALLIS J.R. : JIHAD FI SABIL ALLAH, ITS DOCTRINAL BASIS IN ISLAM AND SOME ASPECTS OF ITS EVOLUTION IN 19TH CENTURY WEST AFRICA JOURNAL OF AFRICAN HISTORY VOL. VIII, No.3, 1967, P.400

(۵) محمود کعت التنبکتی، تاریخ الفتاش فی اخبار البلدان والجیوش و

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو پہلی لہر سات سو سال کے عرصہ میں نہ کر سکی تھی ۔

یہ سب جانتے ہیں کہ انیسویں صدی عیسوی میں اسلامی دنیا میں تجدیدی تحریکات، پُرامن تبلیغ کے ذریعے اصلاح احوال اور مسلمانوں کو جمود سے نکالنے کے لئے نہایت پُرخلوص مساعی کی گئیں ۔ علمائے خلان کے مجددین کے ہاتھوں ان تجدیدی کوششوں کا دائرہ مغربی سودان کے علاقوں تک وسیع ہو گیا ۔ یہ اصلاحی مساعی تین مختلف تحریکات میں ہمارے سامنے آتی ہیں ۔

۱ ۔ ہوسا کے علاقے میں شیخ عثمان بن فودی کے زیر کمان جہاد کی تحریکات ۔

۲ ۔ مہدوی تحریکات جن کا نمونہ ہمیں احمد ولو بوا اور ان کے صاحبزادے شیخو احمد و کی ان تحریکات میں ملتا ہے جو سینیگال اور نائیجیریا کے درمیان ماسنہ کے علاقوں میں چلائی گئیں ۔

۳ ۔ تصوّف کی تحریک جو سینیگال میں حاجی عمر بن سعید فوتی کی قیادت میں تیجانی تحریک میں نظر آتی ہیں ۔

ہوسا کا علاقہ جہاں پہلی تحریک (تحریک عثمان بن فودی) شروع ہوئی آج کل شمالی نائیجیریا کہلاتا ہے ہوسا ان اقوام کو کہا جاتا ہے جو ہوسا زبان بولتی ہیں (۶) اس خطّہ میں سات حکومتیں قائم ہوئیں جن کو ہوسا بکوی (سات ہوسائی ملک) کہا جاتا ہے ۔ وہ سات ملک یہ ہیں (۱) دورا (۲) کانو (۳) زاریا (۴) گوبیر (۵) کتسنا (۶) بیرام (۷) رانو ۔ ہوسا کے تمام قبائل بُت پرست تھے (۷)

چودھویں صدی عیسوی میں مالی کے فقہا کے ذریعہ مغرب کی طرف سے بعض اسلامی افکار کی آمد شروع ہوئی ۔ اسی کے ساتھ دوسری اسلامی رو شمال سے المغرب کے فقہا کے ذریعہ آنی شروع ہوئی جن میں مشہور فقیہہ ابو عبداللہ محمد بن عبدالکریم المغیلی بھی شامل تھے (۸)

مشرق کی جانب سے تیسری رو برنو سے آئی اور چوتھی رَو پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر اور سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں گئی اور تنبکت کے ان تاجروں کے ذریعہ پہنچی جو کانو اور کتسنا آتے جاتے تھے ۔

---

(۶) BOVILLO, E.A: THE GOLDEN TRADE OF THE MOORS, P. 220

(۷) IBID : OP. CIT

(۸) HUNWICK, J.O. : ROLIGION AND STATE IN THE

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ں دوران ہوسائی ملکوں کی تجارت وسیع ہوگئی اور یہ تاجر اس علاقے میں مستقل قیام پذیر ہوکر دین اسلام کی یں وتبلیغ اور مالکی مذہب کی نشر واشاعت کرنے لگے[۹]۔ سولھویں صدی عیسوی میں ہوسائی ریاستوں کے حکومت نغی کے زیرنگیں ہوجانے کی وجہ سے بھی اسلامی رجحانات کی قوت میں اضافہ ہوا۔ اس مملکت کے زوال نبکت کے مراکشیین کے تسلط میں آجانے کے بعد کانو اور کتسنا نے وہاں سے ترکِ وطن کرنے والے ہت سے علماء کو خوش آمدید کہا اور ان کی سرپرستی، ہمت افزائی اور مہمان نوازی کی[۱۰]۔

لیکن ان تمام کوششوں کے باوجود جو ہوسا میں اسلام پھیلانے کے لئے کی گئیں اسلام وہاں کبھی غالب یں ہوسکا اور انیسویں صدی عیسوی کے آخر تک بھی وہاں بہت سی بت پرست آبادیاں باقی رہیں[۱۱] اور جلد ہی وسا کے بعض بادشاہوں کی اسلام اور اسلامی ثقافت سے والہانہ وابستگی یکسر ختم ہوگئی۔ چنانچہ انیسویں مدی عیسوی میں فلانیوں کے اصلاحی انقلابات سے پہلے یعنی سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں ہمیں ئی اسلامی سرگرمی نظر نہیں آتی۔

تیرھویں صدی عیسوی میں ہوسا کو پرامن ترکِ وطن کا سامنا کرنا پڑا جس کا ہوسا کی تاریخ پر بہت گہرا اثر ہا۔ یہ ترکِ وطن ان فلانیوں کا تھا جو اپنے آبائی وطن سے ملک سینیگال میں فوتا تورہ آگئے تھے۔ مہاجرین دو حصوں یں منقسم ہوگئے۔ ایک وہ جنہوں نے شہروں میں سکونت اختیار کرلی اور فلانی جدّا (مخلوط فلانی) کے نام سے مشہور ہوئے۔ یہ لوگ شادی بیاہ کے ذریعے ہوسائی قبائل میں گھل مل گئے[۱۲]۔ ان لوگوں نے اسلام قبول کرکے نہایت خلوص سے اس کی خدمت کی، دوسرے وہ بدوی قبائل تھے جنہوں نے ہوسائی قبائل سے میل جول نہیں رکھا۔ لوگ بورورجی (گائے چرانے والے) کے نام سے مشہور ہوئے اور اپنے بت پرستانہ مذہب پر قائم رہے

---

۹۔ WALDMAN, M.R. : THE FULANI JIHAD, JOURNAL OF AFRIEAN HISTORY, VOL. IV. 1965, P. 333

۱۰۔ حسن احمد محمود۔ الاسلام والثقافة العربية فی افریقیا ۲۷۰۔

۱۱۔ WALDMAN, J.O. OP. CIT.

۱۲۔ FAGE, J.D. : AN INTRODUCTION TO THE HISTORY OF WEST AFRICA, P 35

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اٹھارویں صدی کے اواخر میں فلانی جدّا نے ہوسا کے باشندوں میں ایک نہایت اہم عنصر کی حیثیت اختیار کرلی۔ ان میں سے بہت سے اپنی ذہنی استعداد اور صلاحیتوں کے بل بوتے پر حکومت کے اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز ہوئے [۱۳]۔

انیسویں صدی میں ہوسا کی اصلاحی تحریکات کے قائد شیخ عثمان بن فودی تھے [۱۴]۔ عثمان بن فودی کا سلسلۂ نسب اس فلانی قوم سے ملتا ہے جو تیرہویں صدی عیسوی میں فوتا تورا اور سینیگال میں اپنے آبائی وطن کو چھوڑ کر چلے آئے تھے۔ ان کا خاندان ہوسا میں مستقلاً آباد ہوگیا تھا۔ عثمان بن فودی ۱۷۵۴ء کے لگ بھگ مملکت گوبیر کے ایک گاؤں طفل میں پیدا ہوئے۔ ان کی نشو و نما دینی ماحول میں ہوئی اس لئے کہ ان کے آبا و اجداد نے قدیم زمانے سے ہی اسلام قبول کرلیا تھا۔ ان کے والد اور خاندان کے دوسرے افراد علمی کاموں میں مصروف رہتے تھے۔ عثمان بن فودی نے ابتدائی دینی اسباق اپنے والد محمد، اپنی والدہ حوّاء اور اپنی دادی رقیہ سے حاصل کیے۔

انھوں نے عربی زبان، فقہ اور حدیث اغادس اور ہوسا میں اپنے زمانے کے علماء سے پڑھی۔ جبریل بن عمر غالباً ان کے وہ استاد ہیں جنہوں نے ان پر قوی اثرات چھوڑے [۱۵]۔ بعد میں عثمان بن فودی نے حجاز کا سفر کیا۔ وہاں وہ وہابی اصولوں سے بہت متاثر ہوئے۔ یہی وہ اصول تھے جن کی وجہ سے ان کے دل میں اپنے ملک کے معاشرہ کی اصلاح اور ہوسا میں مروجہ بدعات و خرافات کے خلاف جنگ کرنے کی شدید خواہش بیدار ہوئی اس لئے کہ ان کے وطن میں اسلامی تعلیمات اور بت پرستانہ رسوم و عادات باہم گڈمڈ ہو گئی تھیں اور کچھ

---

[۱۳] BOVILLE, E. A.: THE GOLDEN TRADE OF THE MOORS, P. 224, BIVAR, A. D. D. H.: WATHIQAT, J. A. H: VOL. II NO. 2, 1961, P. 235

[۱۴] عرف باسم "عثمان دان فودیو" اسمه: ابن الفقیه، واسمه عثمان بن محمد بن صالح. ومن القاب التشریف التی تلقب بها: نور الزمان، ومجدد الاسلام، والشیخ،

[۱۵] WALDHAN OP. CIT P. 337 -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمان اپنے دین سے مرتد ہو گئے تھے [16]۔

۱۷۷۵ء میں عثمان بن فودی نے اپنی تبلیغ وہابیوں کے طرز پر شروع کی۔ یہ موعظۂ حسنہ کے ذریعے دین کی دعوت تھی، ان کے اصلاحی طریقۂ کار سے اسلامی معاشرہ کو خلفائے راشدین کے زمانے کی پہلی سی سادگی اور روحانی پاکیزگی کی طرف لے جانے کی شدید خواہش کا اظہار ہوتا ہے۔ اُنہوں نے قرآن، سنّت اور اجماع سے ماخوذ شریعت اسلامیہ کو ازسرِنو زندہ کرنے کی دعوت دینا شروع کی۔ [17]

جب ان کے مریدین اور متبعین کی تعداد زیادہ ہو گئی تو انہوں نے اپنی دعوت کو دوسرے مرحلہ میں لے جانا چاہا اور اپنی پُشت پناہی کے لئے کسی بادشاہ کے ساتھ تعلّقات استوار کرنے کے بارے میں سوچنے لگے۔ چنانچہ وہ اس زمانے میں ہوسا کے سب سے طاقتور بادشاہ نافنا شاہ گوبیر کے پاس پہنچے۔ یہ ایک بُت پرست بادشاہ تھا۔ انہوں نے اس کے سامنے اسلام کی حقیقی تعلیمات پیش کیں، اور اس سے دینی شعائر و حدود کے احیاء اور لوگوں کے درمیان عدل قائم کرنے کی درخواست کی۔ ابتداءمیں نافنا نے ان کی درخواست قبول کرلی اور انہیں اپنے دربار میں مسند ارشاد و فتویٰ سونپ دی [18] لیکن ان سرکاری تعلّقات کی وجہ سے بعض حاسد علماء ان پر نکتہ چینیاں کرنے اور ریاکاری و طلب جاہ کی تہمتیں لگانے لگے۔ ان لوگوں نے بادشاہ کے ہاں بھی ان کی شکایتیں کیں جس کی وجہ سے ان کے اور بادشاہ کے درمیان کچھ شکر رنجی ہو گئی [19]۔ اور شیخ وہاں سے زمفرہ اور کیبی چلے آئے جہاں اُنہوں نے تبلیغ اسلام میں پانچ سال بسر کئے۔ اور ان کے ہاتھ پر متعدد بُت پرستوں نے اسلام قبول کرلیا اور بہت سے مرتدین نے بھی توبہ کرلی۔

گوبیر کا حکمران شاہ نافتا شیخ کے معاونین کی روزافزوں تعداد کو دیکھ کر گھبرا گیا۔ اور اس کے غیظ و غضب کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔ چنانچہ اس نے حکم جاری کر دیا کہ صرف وہ لوگ دین اسلام پر قائم رہ سکتے ہیں جن کے والدین مسلمان تھے۔ رہے وہ لوگ جن کے اپنے والدین مسلمان نہیں تھے وہ دوبارہ بُت پرست ہوجائیں

---

[16] آدم عبداللہ الالوری : الاسلام فی نیجیریا، ۳۱۔

[17] WALLIS, J. R, J.A.H. VIII No 3. 1967. P.408

[18] - آدم عبداللہ الالوری : الاسلام فی نیجیریا - ص ۳۷۔

[19] - المصدر السابق۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو ان کے آباؤ اجداد کا اصل دین ہے۔ (۲۰)

اس علم کو سن کر شیخ اور ان کے انصار کے غم و غصہ کی انتہا نہ رہی اور انہوں نے ہجرت، جہاد فی سبیل اللہ اور دین کی مدافعت کرنے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ نافتا کی وفات کے بعد اس کا بیٹا یونفا تخت نشین ہوا۔ یہ شخص اگرچہ شیخ عثمان کا شاگرد تھا لیکن بت پرستی کی حمایت میں اپنے باپ سے کم نہیں تھا۔ یونفا نے شیخ کی قوت اور ان کے ساتھیوں کی نفری بڑھنے میں اپنے تخت کے لئے خطرہ محسوس کیا۔ اس لئے اس نے شیخ کو دھوکہ سے قتل کرا دینے کی سازش کی۔ لیکن شیخ سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے بادشاہ کی تدابیر الٹی ان کے معاونین اور شاگردوں کی تعداد کے بڑھنے کا سبب بن گئیں اور وہ اپنے معاصرین کی نظر میں قومی بطل قرار پا گئے (۲۱)

بادشاہ نے شیخ کو تنہا ملک چھوڑنے کا حکم جاری کر دیا تاکہ اس کی رعایا شیخ کے گرد جمع ہو کر اس کی سرداری کے لیے خطرہ نہ بن سکے۔ فروری ۱۸۰۴ء میں شیخ عثمان بن فودی اپنے مخلص متبعین کی ایک جماعت کے ہمراہ صحراء کے اطراف کے ایک شہر جودو کی طرف ہجرت کر گئے۔ شیخ نے اپنے انصار کے لئے اس ہجرت کو دار الکفر سے دار الہجرت کی طرف روانگی قرار دیا (۲۲)

اسی سال جون کے مہینے میں شیخ عثمان کے ساتھیوں نے گوبیر کے بادشاہ اور اس کے حلفاء کی سختیوں پر فتح حاصل کر لی۔ فلانیوں کے بہت سے دیہاتی اور شہری قبائل نے ان کی دعوت کو لبیک کہا اور ان کے لشکر میں شامل ہو کر حمایت دین کی غرض سے جنگ کرنے کے لئے ان کی ہجرت گاہ میں پہنچ گئے اور ان سے اللہ و رسول کی اطاعت اور جہاد یا موت پر بیعت کر لی اور ان کو امیر المومنین تسلیم کر لیا۔ (۲۳)

شیخ عثمان بن فودی نے اعلان جہاد کر کے اپنے چودہ ساتھیوں کو جھنڈے عطا کئے۔ گوبیر کے بادشاہ کی شکست کی وجہ سے ہوسا بھر میں خوف و ہراس اور ابتری پھیل گئی اور بادشاہ نے ہوسا کے تمام بادشاہوں

---

(۲۰) SMITH, M.G. THE JIHAD OF SHEHU DAN FODIO ISLAM TROPICAL AFRICA, P. 415

(۲۱) BOVILLE, E.A.: OP. CIT, P. 225

(۲۲) SMITH, M.G : OP. CIT. P. 415

(۲۳) BOVILLE, E.A : OP. CIT. P. 225

© rasailojaraid.com

ں سے جنگ کرنے پر آمادہ کرنا شروع کیا (۲۴) گوبیر کے دارالحکومت کلاوہ پر قبضہ کرنے کیلئے فلانیوں
د کوششیں کیں۔ ۱۸۰۸ء میں کلاوا کے فلانیوں کے قبضے میں آنے سے قبل ہی فلانی فوجیں زاریا
ا ء) اور کتسنا اور کانو (۱۸۰۵ء) پر قابض ہو چکے تھے (۲۵)

بیر ہاتھ سے نکل جانے کے بعد ہوسا کے ملکوں میں اتنی قوت باقی نہ رہی تھی کہ وہ فلانیوں کے سامنے
ہ نتیجہ ۱۸۱۰ء میں قریب قریب ان سب کو شکست ہوگئی، یہاں تک کہ ہوسا کے ساتوں ممالک
مان بن فودی اور اُن کی جماعت کے قبضہ میں آگئے۔ (۲۶)

شیخ عثمان بن فودی کا خیال تھا کہ ان کی اصلاحی تحریک برنو میں بھی عام ہونی چاہیئے چنانچہ ۱۸۰۸ء
نیوں نے برنو پر حملہ کر دیا اور وہاں کے دارالحکومت پر قابض ہو گئے۔ لیکن شیخ محمد امین الکانمی
ں کے لشکر کا کامیاب مقابلہ کرنے اور ان کو برنو سے نکال دینے میں کامیاب ہو گئے اور صرف
یسے دُور دراز علاقے فولانیوں کے قبضے میں رہ گئے جو برنو کی مغربی سرحد سے متصل تھے (۲۷)

س طرح فلانیوں نے اپنے جہاد کا آخری مرحلہ ۱۸۱۰ء میں طے کر لیا۔ اور ایک ایسی اسلامی
ت کی بُنیاد ڈالی جس کا رقبہ ہوسا کے تمام ممالک پر مشتمل تھا شیخ عثمان نے سوچا کہ انتظامی اور
معاملات کو اپنے بیٹے محمد بلو اور اپنے بھائی وزیر عبداللہ بن فودی کے سپرد کر دیں۔ چنانچہ
نے مُلک کا انتظام ان دونوں میں تقسیم کر دیا۔ مشرقی علاقہ جس کا دارالحکومت سکوتو تھا
نتظام میں دیا اور مغربی علاقہ کا حاکم عبداللہ کو بنایا جس کا دارالحکومت گنبی کے صوبہ میں جوانڈو
ء)۔ خود اپنے لئے شیخ عثمان نے یہی پسند کیا کہ درس و تدریس، تبلیغِ اسلام اور لوگوں کو دین سکھانے

---

BOVILLE, E. A. : OP. CIT. P.P. 225-6

SMITH M.G : OP. CIT. P. 416

BOVILLE. E. A. : OP. CIT. P. 226.

FAGE. J D : OP. CIT. 35.

BOVILLE. E. A : OP. CIT. P. 227

IBID. OP. CIT

© rasailojaraid.com



کے لئے وقف رہیں۔ اور رُوحانی قیادت پر اکتفا کریں۔ چنانچہ انہوں نے سکوتو کو اس مقصد کے لئے اپنا رُوحانی مرکز بنایا۔

۱۸۱۷ء میں شیخ عثمان کے انتقال کے بعد ان کے صاحبزادے محمد بلو سے بحیثیت امیرالمومنین بیعت کی گئی۔ (ف۲۹)

عثمان فودی کی زیر قیادت چلائی جانے والی اس مجاہدانہ تحریک کی اصل قدر و قیمت کے بارے میں محققین مختلف الرّائے ہیں، ہوگبن HOGBEN کی رائے میں فلانیوں نے دین کو محض دُنیا حاصل کرنے کے لئے ایک وسیلہ کے طور پر اختیار کیا تھا اور ہوسا کے بادشاہوں کے خلاف جو ان لوگوں پر مظالم توڑتے اور ان کے حقوق ان سے روکتے تھے دین کا استحصال کیا تھا۔ وہ مزید کہتا ہے کہ یہ جہاد مسلمان اور بُت پرست فلانیوں کی جانب سے قومی تحریک تھی جو گوبیر کے بادشاہ یونفا کے خلاف اس لئے شروع کی گئی تھی کہ وہ اُن کو ختم کر ڈالنا چاہتا تھا۔ چنانچہ اس جہاد کے خاتمہ پر بُت پرست فلانی دوبارہ اپنی چراگاہوں میں زندگی بسر کرنے لگے جبکہ فلانیوں کے علما اور قائدین نے شیخ عثمان بن فودی کی قیادت میں پرانے حکّام کو نکال دینے اور عہدوں کو باہم تقسیم کرنے کے لئے دین کا استحصال کیا۔ (ف۳۰)

لیکن یہ رائے ہمارے اس علم سے ہم آہنگ نہیں جو جذبۂ جہاد اور مقاصد جہاد کے بارے میں ہم جانتے ہیں اس لحاظ سے وہ اصلاح کی ایک پُرخلوص کوشش اور بلا امتیاز قومیت سرکشوں کے خلاف جہاد[31] تھا۔ اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ اس جہاد نے ہوسا اور فلان کو ایک دُوسرے سے ملا دیا تھا۔ کمانڈروں اور علم برداروں کو نکال کر ہوسا کے مجاہدین کی تعداد فلانی مجاہدین سے کم نہ تھی (ف۳۲)، چودہ علم برداروں میں کم از کم ایک ہوسانی تھا۔[33]

---

ف۲۹۔ حسن احمد محمود: نفس المصدر، ص ۲۹۱

ف۳۰۔ HOGBEN, S.G: THE MOHAMMEDAN EMIRATES OF NIGERIA. P. 110

C.F. SMITH, M.G: THE JIHAD. P. 409

ف۳۱۔ SMITH, M.G: THE JIHAD, P. 409

ف۳۲۔ IBID. OP. CIT.

ف۳۳۔ ALLAN BURNS, HISTORY OF NIGERIA P. 46

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وسا میں بھی تمام فلانیوں نے عثمان بن فودیؒ کے ساتھ جہاد میں شرکت نہیں کی۔ ان میں سے ایک گروہ نے ہوسا
دشاہوں کے ساتھ رہ کر جنگ کی اور دوسرا گروہ غیر جانبدار رہا۔ خود مقامی باشندوں میں بہت سے لوگ
ں نے یہ سمجھا کہ یہ جہاد اعلاء کلمۃ اللہ کی غرض سے ہو رہا ہے وہ اپنے ہم وطنوں کے خلاف بلا امتیاز فلانی اور
انی تحریک جہاد میں شامل ہو گئے (۳۴ـــہ)

یہ تحریک جہاد صرف بت پرستوں (کافروں) ہی کے خلاف نہ تھی بلکہ مرتدوں اور ان حدود فراموش
لمانوں کے خلاف بھی تھی جو اسلام میں مشرکانہ رسوم ملائے ہوئے تھے۔ اس سلسلے میں شیخ عثمان بن فودی نے
ہویں صدی عیسوی میں توات کے مشہور فقیہہ شیخ مغیلی کی اس رائے کو اختیار کیا تھا جو انہوں نے اپنی ایک
نیف میں ان لوگوں کے متعلق ظاہر کی ہے جن سے لڑنا اور جہاد کرنا مسلمانوں پر فرض ہے۔ اس قسم کے لوگ
ی (۱) کافر (۲) دین اسلام سے پھر جانے والا (مرتد) (۳) وہ شخص جو اسلام کا دعویٰ کرنے کے باوجود اسلام
ساتھ کفر و شرک کی آمیزش کرتا ہے[۳۵]۔ چنانچہ شیخ عثمان بن فودی نے ہوسا کے بادشاہوں کو تیسرے گروہ میں
رکر کے ان کے خلاف جہاد کرنا مسلمانوں پر فرض قرار دیا۔ جہاد کا اولین مرحلہ اچھی بات اور موعظہ حسنہ سے
روع ہوا۔ جب یہ مفید ثابت نہ ہوا تو جہاد کا دوسرا مرحلہ شروع کرنا پڑا۔ اور انہوں نے اپنے متبعین کے لئے
رتعالیٰ کے اس فرمان پر عمل کرتے ہوئے ہجرت کو ضروری قرار دیا۔

ن الذین توفاھم الملئکۃ ظالمی انفسھم قالوا فیم کنتم قالوا کنا مستضعفین
ی الارض الآیہ۔

(ترجمہ) جو لوگ دشمنوں کے ساتھ رہ کر اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کر رہے ہیں، ان کی روح قبض کرنے کے
د فرشتے ان سے پوچھیں گے "تم کس حال میں تھے؟" (یعنی دین کے اعتبار سے تمہارا حال کیا تھا) وہ جواب
ں کہیں گے۔ "ہم کیا کرتے؟ ہم ملک میں دبے ہوئے اور بے بس تھے (یعنی بے بسی کی وجہ سے اپنے اعتقادات
ں کے مطابق زندگی بسر نہیں کر سکتے تھے) اس پر فرشتے کہیں گے (اگر تم اپنے ملک میں بے بس ہو رہے تھے تو)
خدا کی زمین وسیع نہ تھی کہ کسی دوسری جگہ ہجرت کر کے چلے جاتے؟ غرضیکہ یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ

---

۳۴ـــہ IBID. OP. CIT. P. 46

۳۵ـــہ SMITH, M.G. : THE JIHAD. P. 414

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوا اور دوزخ کیا ہی بُرا ٹھکانہ ہے۔ مگر ہاں جو مرد، عورتیں، بچے ایسے مجبور اور بے بس ہوں کہ کوئی چارۂ کار نہ رکھتے ہوں اور نہ (ہجرت کی) کوئی راہ نہ پاتے ہوں تو امید ہے کہ اللہ (ان کی معذوری دیکھتے ہوئے) انہیں معاف کر دیگا، اور اللہ معاف کرنے والا (اور) بخش دینے والا ہے۔ اور (دیکھو) جو کوئی (اپنا گھر بار چھوڑ کر) راہ خدا میں ہجرت کریگا اُسے زمین میں بہت نجات گاہیں اور کشادگی ملے گی (معیشت کی نئی نئی راہیں اس کے سامنے کھل جائیں گی) اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ اور اُس کے رسولؐ کی طرف ہجرت کر کے نکلے اور پھر راستہ ہی میں اسے موت آ جائے تو اس کا اجر اللہ کے حضور ثابت ہو گیا (وہ اپنی نیّت کے مطابق اپنی کوشش کا اجر ضرور پائے گا) اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔ [۳۶]

محمد بلو نے اپنی کتاب "انفاق المیسور" میں تین صورتیں ایسی بیان کی ہیں جن میں مسلمانوں کے لئے لڑنا اور جنگ کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ وہ تین صورتیں یہ ہیں (۱) امیر المومنین کی فرمانبرداری کے لئے (۲) مسلمانوں کی جماعت کے دفاع کے لئے اور (۳) دشمنوں کے ہاتھوں سے مسلمان قیدیوں کو خلاصی دلانے کیلئے [۳۷]

شیخ عثمان بن فودی کی اس اصلاحی تحریک کو جہاں ہوسا کے بادشاہوں کی طرف سے شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا وہاں بعض معاصر علماء و فقہاء کی تنقیدیں بھی سننا پڑیں۔ ان ناقدین میں سرِ فہرست شیخ محمد الکانمی تھے۔ جو اپنے زمانے کے ممتاز عالم اور یگانہ علمی شخصیت تھے۔ شیخ کانمی نے شیخ عثمان بن فودی پر الزام لگایا کہ وہ دنیوی جاہ و منزلت کے حصول کے لئے دین کا استعمال کر رہے ہیں۔

شیخ کانمی نے اسلامی جماعت کے نقطۂ نظر اور ان کے دشمنوں کے ہاتھوں ان کی تکالیف کو تو تسلیم کر لیا مگر ان تکالیف کو جنگ کے جواز کے لئے کافی نہ سمجھا[۳۸] اس کے برخلاف عثمان بن فودی نے کانمی اور ان کے علماء و فقہاء پر نفاق کا الزام لگایا۔ اس لئے کہ وہ مسلمانوں کی جماعت کے خلاف ہوسا کے بادشاہوں ... دے رہے تھے۔ [۳۹]

---

۳۶ـ سورۃ النساء، آیات ۹۷، ۹۸، ۹۹

۳۷ـ SMITH, M.G : THE JIHAD P. 414

۳۸ـ ...OVILLE, E.A : OP CIT. P. 230

۳۹ـ WILLIS, T.R : T.A.H. VIII. NO 3 1967 P. 414

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ عثمان بن فودی نے جہاد کے بارے میں اپنے طرزِ عمل کو ایک یادداشت[۴۰] میں جسے انہوں نے سودانی مسلمانوں میں نشر کیا نہایت واضح طور پر بیان کیا ہے۔ یہ یادداشت اسلامی جماعت کے لئے قابلِ عمل دستور کا درجہ رکھتی ہے شیخ عثمان بن فودی نے اس یادداشت میں جماعت کی طرف سے امیر یا نائبین امیر کی اطاعت، مسلمانوں کے لئے ہجرت واجب ہونے کے اصول، دارالاسلام اور دارالحرب کا فرق، کفّار کی تعریف اور کن کن کافروں سے مسلمانوں کے لئے جنگ کرنا ضروری ہے (مسلسل)

---

۴۰ نشرت هذه الوثيقة مصورة بالزنكغراف ومعها ترجمة انجليزية في :

A. D. D. H. BIVAR, THE WATHIQAT AHL AL-SUDAN

A MANIFESTO OF THE FULANI JIHAD JOURNAL

OF AFRICAN HISTORY, II, NO. 2. 1961, PP. 233-236

O

---

## بقیہ :- نظرات

---

آ[illegible] کیا جائے، ان میں ایمانی و اخلاقی جرأت کو بیدار کیا جائے تاکہ کوئی خود غرض و مصلحت کوش گروہ ان [illegible]ستحصال کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔

ہمیں اپنے تمام دکھ درد کا مداوا انتخاب میں نظر آ رہا ہے۔ ایسا آزادانہ و منصفانہ انتخاب جو باشعور [illegible]م کی طرف سے مخلص، معاملہ فہم، صحیح اور دردمند نمائندوں کو کامیاب بنائے، تاکہ یہ نمائندے [illegible] میں بیٹھ کر ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالنے کے بجائے سنجیدگی سے سر جوڑ کر عوام کے حقوق کی [illegible]ت دینے والا قابلِ عمل اسلامی آئین بنانے پر توجہ دیں اور قوم کو بھیانک مستقبل سے نجات [illegible] میں کامیاب ہو جائیں۔

© rasailojaraid.com